SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 16, 2026

# A Developed Capital Market Is Indispensable for Sustainable Economic Growth": Arif Habib at SECP Talk Series



**ISLAMABAD, July 16:** A developed capital market is indispensable for sustainable economic growth, veteran businessman Arif Habib said at the SECP Talk Series, where he shared insights from over five decades in Pakistan's capital markets. The session, attended by SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu, Commissioners, market institutions, academia and business leaders, explored the evolution of Pakistan's capital markets, long-term investing and the reforms needed to deepen investor participation.

Opening the session, Dr. Kabir Ahmed Sidhu said the Talk Series aims to institutionalize knowledge-sharing by connecting regulators with experienced market practitioners to support evidence-based policymaking. He highlighted SECP's ongoing reforms, including digital investor onboarding, implementation of the T+1 settlement cycle, and initiatives to expand the investor base to 2.5 million through greater financial inclusion and easier market access.

"Our objective is to build a capital market ecosystem that is transparent, accessible and aligned with global standards," he said.

Reflecting on more than five decades in the market, Mr. Arif Habib traced Pakistan's capital market journey from open-outcry trading floors to today's technology-driven marketplace. He emphasized that while markets evolve, the principles of successful investing remain discipline, patience and long-term thinking. Mr. Habib noted that the Pakistan Stock Exchange has delivered an average annual return of around 22 percent over the past 22 years and a 14 percent dollar-denominated return over the last five years. He stressed that market volatility is temporary, while long-term investment in fundamentally strong companies creates sustainable wealth.

He also underscored the role of capital markets in mobilizing savings, financing businesses, strengthening corporate governance and creating employment across brokerage, asset management, investment banking, research, fintech and advisory services. He emphasized the need to increase financial literacy, particularly among young Pakistanis, to broaden participation in formal capital markets. The session concluded with a question-and-answer session and the presentation of a commemorative shield to Mr. Arif Habib.

**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN**

**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 16, 2026

# مستحکم کیپٹل مارکیٹ پائیدار معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے: عارف حبیب، ایس ای سی پی ٹاک سیریز








اسلام آباد، 16 جولائی: ممتاز کاروباری شخصیت عارف حبیب نے کہا ہے کہ ترقی یافتہ کیپٹل مارکیٹ پائیدار معاشی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ ایس ای سی پی ٹاک سیریز میں لیکچر دیتے ہوئے انہوں نے پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں اپنے پچاس سال سے زائد تجربے اور مارکیٹ کے ارتقا پر بات کی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو، کمشنرز، سینئر افسران، کیپٹل مارکیٹ کے اداروں، مالیاتی شعبے، جامعات اور کاروباری برادری کے نمائندوں شریک تھت۔ سیشن میں پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کی ترقی، طویل المدتی سرمایہ کاری اور سرمایہ کاروں کی تعداد بڑھانے کے لیے اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

تقریب کا آغاز کرتے ہوئے چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ ایس ای سی پی ٹاک سیریز کا مقصد ریگولیٹرز کو تجربہ کار کاروباری شخصیات اور مارکیٹ ماہرین اور اکیڈمیا کے ساتھ مکالمے کا موقع فراہم کرنا ہے تاکہ شواہد پر مبنی پالیسی سازی کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے سرمایہ کاروں کے لیے ڈیجیٹل اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت، T+1 سیٹلمنٹ سائیکل کے نفاذ اور مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد 25 لاکھ تک بڑھانے کے لیے جاری اصلاحات پر روشنی ڈالی۔

انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد ایسی کیپٹل مارکیٹ تشکیل دینا ہے جو شفاف، آسان رسائی کی حامل اور عالمی معیار سے ہم آہنگ ہو۔

عارف حبیب نے کہا کہ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ اوپن آؤٹ کرائی ٹریڈنگ سے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی نظام تک کا طویل سفر طے کر چکی ہے، تاہم کامیاب سرمایہ کاری کے بنیادی اصول آج بھی نظم و ضبط، صبر اور طویل المدتی سوچ ہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے گزشتہ 22 برسوں کے دوران اوسطاً 22 فیصد سالانہ جبکہ گزشتہ پانچ برسوں میں 14 فیصد ڈالر بنیاد پر منافع فراہم کیا ہے۔ ان کے مطابق مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ عارضی ہوتا ہے جبکہ مضبوط کمپنیوں میں طویل المدتی سرمایہ کاری پائیدار منافع فراہم کرتی ہے۔ عارف حبیب نے کہا کہ کیپٹل مارکیٹ قومی بچتوں کو پیداواری سرمایہ کاری میں منتقل کرنے، کاروباروں کو سرمایہ فراہم کرنے، کارپوریٹ گورننس مضبوط بنانے اور بروکریج، اثاثہ جاتی نظم، انویسٹمنٹ بینکنگ، ریسرچ، فن ٹیک اور مالیاتی مشاورت سمیت مختلف شعبوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے خصوصاً نوجوانوں میں مالیاتی آگاہی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد باضابطہ سرمایہ کاری کے نظام کا حصہ بن سکیں۔

تقریب کے اختتام پر سوال و جواب کا سیشن ہوا، جس کے بعد عارف حبیب کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔